اولمپیاء ملز لمیٹڈ

غیر معمولی اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ھذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اولمپیا ملز لمیٹڈ کے ممبران کا غیر معمولی اجلاس عام بروز بدھ 27 مارچ 2026 دوپہر 12:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع H-23/3، الائڈ ھی انڈسٹریل ایریا، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

عمومی امور

1۔ 27 اکتوبر 2025 کو منعقد گذشتہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت 20 مارچ 2026ء سے شروع ہونے والی 3 سالہ مدت کیلئے سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ سات (07) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹران کے نام حسب ذیل ہیں۔

1۔ جناب ایم وقار منوں 2۔ جناب سراج صادق منوں 3۔ مسز غزالہ وقار 4۔ جناب عاصر غیم

5۔ جناب ایم ریحان ریاض 6۔ جناب شہزاد منیر 7۔ جناب ارشد اقبال

موجودہ ڈائریکٹرز اپنے ڈائریکٹرز کے عہدے سے سبکدوش ہو جائینگے اور خود کو دوبارہ انتخاب کیلئے پیش کرینگے۔

3۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور پر کارروائی۔

حسب الحکم بورڈ

ایم۔ اشرف خان

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 27 فروری 2026

نوٹس:

(i) کمپنی ممبران کا رجسٹر 21 مارچ 2026 تا 27 مارچ 2026 (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ ممبران سے التماس ہے کہ پتہ میں اگر کوئی تبدیلی ہو تو فوری مطلع کریں۔

(ii) کوئی بھی ممبر جو اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہو وہ اجلاس میں ووٹ دینے اور شرکت کرنے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو پروکسی مقرر کر سکتا/کر سکتی ہے۔ موثر بعمل ہونے کے لئے پروکسی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت دستخط کئے گئے ہوں بمعہ گواہان یا پاور آف اٹارنی کی نقل جو پبلک نوٹری یا دیگر اتھارٹی سے مصدقہ ہو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اسٹیمڈ اور دستخط شدہ اجلاس سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جائیں۔

(iii) سینٹرل ڈپازٹری کمپنی کے اکاؤنٹ ہولڈر/کوسیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی دی گئی ہوئی درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

(iv) کوئی بھی رکن جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہش مند ہے، چاہے سبکدوش ہوانے والا اور/یا ڈائریکٹر ہو یا دیگر، بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لئے اپنے ارادے کا نوٹس غیر معمولی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنی کو اس کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرانا ہوگا۔

a۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)159 کے مطابق ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس؛

b۔ ایکٹ، اور کمپنیز (ریگولیٹنز)، 2024 کے تحت تجویز کردہ فارم 9 کے ضمیمہ پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی؛

c۔ اہلکے اہلکی پتے کے ساتھ ایک تفصیلی پروفائل؛

d۔ اسٹاک ایکسچینز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس)، ریگولیشنز، 2019 اور اہلیت کے معیار کی تعمیل کی تصدیق کرنے والا اعلامیہ، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 153 میں درج کمپنی کے ڈائریکٹر یا خود مختار ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے بیان کیا گیا ہے۔

e۔ درست CNIC اور NTN کی تصدیق شدہ کاپی؛

اے۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب، ایکٹ کے سیکشن 159 کے لحاظ سے ڈائریکٹر کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا اور وہ ایکٹ کے سیکشن 166 میں بیان کردہ معیار پر پورا اتریں گے، اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اور طریقہ کار)، ریگولیشنز، 2018 کے مطابق ان امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانے ہونگے جو بطور ڈائریکٹر الیکشن میں حصہ لینے کے خواہشمند ہیں:

i۔ اسٹاک ایکسچینز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس)، ریگولیشنز، 2019 کی شق (3)6 کے تحت آزاد ڈائریکٹر کا اعلان؛

ii۔ نان۔ جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر انڈرٹیکنگ کہ وہ کمپنیوں کے ضابطہ 4 کے ذیلی ضابطہ (1) کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے (آزاد ڈائریکٹرز کا طریقہ اور انتخاب)، ریگولیشنز، 2018۔

اے۔ شمولیت برائے میٹنگ

1۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈیڈ ہیں وہ اجلاس میں شرکت کرتے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کریں۔

2۔ ادارہ جاتی نمائندگی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد کی/پاور آف اٹارنی کے ہمراہ نامزد کردہ افراد کے دستخط کے ساتھ (اگر یہ پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں تو) میٹنگ کے وقت پیش کرنے ہوں گے۔

بی۔ تقرری برائے پروکسیز

1۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈیڈ ہیں مندرجہ بالا شرائط کے مطابق پروکسی فارم جمع کروائیں گے۔

2۔ پروکسی فارم میں دو افراد کی گواہی ہوگی جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر فارم میں بھی درج ہوں گے۔

3۔ پروکسی فارم کے ساتھ پروکسی نامزد کرنے والے افراد کے شناختی کارڈ یا اٹسٹیشنل اتھارٹی کے پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل جمع کرانی ہوگی۔

4۔ میٹنگ کے وقت پروکسی اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔

5۔ ممبران سے التماس ہے کہ اگر ان کے رجسٹر ڈیٹوں میں کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر مطلع کریں۔

سی۔ ایس ای سی پی ایس آر 2012/(1)831 مورخہ 2 جولائی 2012 کی تعمیل میں ممبران سے گزارش ہے جو اپنے شیئرز فزیکل حالت میں رکھتے ہیں اور انہوں نے تاحال اپنے CNIC کی نقل جمع نہیں کرائی ہے۔ وہ فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار C&K مینجمنٹ ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، M13، پروگریسو پلازہ، سول لائنز کوارٹرز PIDC، بیومانٹ روڈ کراچی کو ارسال کریں۔ CDC شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنے CNIC براہ راست اپنے بروکر (پارٹیسپنٹ)/CDC انویسٹر اکاؤنٹس سروسز میں جمع کرائیں۔

ڈی۔ کسی بھی معلومات اور استفسار کے لئے انویسٹرز کمپنی اور/یا شیئر رجسٹرار سے درج ذیل فون نمبرز 24-35080923-021 ای میل finance@olympiamills.com پتہ پر کمپنی کے سیکرٹری آفسر جناب اشرف صاحب اور شیئر رجسٹرار جناب ذاکر C & K مینجمنٹ ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ کمپنی اجلاس میں کوئی تحفہ تقسیم نہیں کرے گی۔

ای۔ ایس ای سی پی کی ہدایات اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (b)(1)134 کی رو سے، اگر کمپنی کو کسی دوسرے شہر میں رہائش پذیر مجموعی دس فیصد (10%) یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبر (ارکان) کی جانب سے درخواست موصول ہوتی ہے، تو ایسے ممبر (ارکان) اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 (دس) ایام قبل کمپنی کو درخواست بھیج کر ایسی جگہ پر اجلاس میں شرکت کے مقاصد کے لیے ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کی درخواست کر سکتا ہے، کمپنی ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی۔ جو کہ اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔

ایف۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 72 کی شق کے تحت جس میں تمام موجودہ کمپنیاں اس بات کا تقاضا کرتی ہیں کہ وہ اپنے ذریعہ جاری کردہ شیئرز کو فزیکل فارم میں حصص کے ساتھ تبدیل کریں جو ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ سے چار سال سے زیادہ نہ ہونے کی مدت کے اندر بک-انٹری فارم میں جاری کیے جائیں۔ مذکورہ دفعہ 72 کی دفعات کی مکمل تعمیل کو یقینی بنانے اور بک-انٹری-فارم میں حصص رکھنے کی سہولت سے مستفید ہونے کے لیے، وہ شیئر ہولڈرز جو ابھی بھی فزیکل فارم میں حصص رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر کے اپنے حصص کو بک-انٹری-فارم میں تبدیل کریں۔

جی۔ EOGM میں شامل ہونے میں دلچسپی رکھنے والے اراکین ایک ہفتہ قبل finance@olympiamills.com پر کمپنی کو عملی طور پر مطلع کریں۔ ممبران مندرجہ ذیل استعمال کر کے EOGM میں شامل ہو سکتے ہیں:

ZOOM میٹنگ لنک

https://us04web.zoom.us/j/77643701345?pwd=sGwhuDzkOXDySan0abbvEvbQasPa7z.1

میٹنگ آئی ڈی: 776 4370 1345

پاس کوڈ: 7Y4hm2

ایچ۔ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ)، ریگولیشنز 2018 کے مطابق، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے، جہاں امیدواروں کی تعداد منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں اور مذکورہ ضوابط میں موجود طریقہ کار کے مطابق ممبران کو ای ووٹنگ کے ذریعے اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

آئی۔ کمپنی نے غیر معمولی اجلاس عام کا نوٹس جمع پروکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.olympiamills.com پر جاری کر دیئے گئے ہیں۔

جے۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)166 اور (3)134 کے تحت مادی حقائق کا گوشارہ

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 کی رو سے ڈائریکٹری انتخاب کے مقصد کیلئے غیر معمولی اجلاس کے نوٹس کیساتھ مادی حقائق کا گوشارہ منسلک ہیں جو کہ ایک خودمختار کے ڈائریکٹر کی تقرری کے جواز کو ظاہر کرتا ہے منتخب ہونے والے افراد بطور خودمختار ڈائریکٹر کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 کے تحت واضح کردہ اہلیت کے معیار کو پورا کریں اور SECP کی باقاعدہ مجاز شدہ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کی خودمختار ڈائریکٹرز کی ڈیٹا بیک فہرست میں اسٹیڈ ہوں۔ اسٹیڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس)، ریگولیشنز کے تحت کمپنی پابند ہے کہ بورڈ میں کم از کم دو خودمختار ڈائریکٹرز کو رکھیں۔ مزید ان کا انتخاب خاصیتوں کی بنیادی قابلیت، اہلیت، تجربے اور علمی کی بنیاد پر کیا جائیگا اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت ان کا انتخاب بذریعہ ڈائریکٹرز کا انتخاب عمل میں لایا جائیگا۔ کسی بھی ڈائریکٹرز کا مذکورہ بالا امور میں سوائے ڈائریکٹرز کے انتخاب کی رضامندی کے کوئی مفاد وابستہ نہیں ہے۔